خصوصی امداد

خصوصی امداد مقامی ایجنسیوں کی طرف سے مہیّا کی جاتی ہے۔ جنکومالی امداد، منسٹری آف چلڈ رین کمیونٹی اینڈسوشل سروسز (MCCSS) کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے۔مندرجہ ذیل، کچھ مخصوص سہولیات جو آپ کو دستیاب ہو سکتی ہیں اور اس خصوصی امداد میں شامل ہیں:

بالغوں کیلئےحفاظتی خدمت کارکُن (APSW)

آپ کی مدد کرنے کیلئے ایک اے پی ایس ڈبلیو (Adult Protective Service Worker) آپ کے ساتھ باقاعدہ ملاقات کر سکتا ہے تا کہ آپ:

- مقامی امداد اور منسٹری کی مالی امداد کی خدمات کے بارے میں جانیں.
- اپنی طاقت اور ضروریات کی شناخت کریں.
- امداد کے بارے میں آگاہ رہیں اور اپنی ضرورتوں کے مطابق رہنمائ حاصل کریں.
- اپنے اندر زندگی کے مسائل کو حل کرنے ،جیسے بجٹ سازی اور پبلک ٹرانسپورٹ کااستعمال سیکھنے کی مہارت، پیدا کریں .

بعض علاقوں میں بالغوں کیلئےحفاظتی خدمت کارکن کےمختلف عنوانات ہوتے ہیں، جیسے سروس کوآرڈِینیٹر (service coordinator) یا ایڈلٹ سَپورٹ ورکر (adult support worker)۔

رکھ رکھاوْ سے متعلّق خدمات (Behavioural services)

رَکھ رَکھاوْ سے متعلّق ماہرین مشورہ ، اس طرح آپ کی مدد کر سکتے ہیں کہ:

- آپکو اپنے خود مختار ہونے کی صلاحیت کا جائزہ لینے اور اپنی روزمرّہ زندگی میں مہارت کیلئے سفارش کریں۔
- آپ کے رَکھ رَکھاوْ کی منصوبہ بندی کو فروغ دینے اور اسکی تشخیص کرنے میں آپ کی مدد کریں۔
- آپ کی دیکھ بھال کرنیوالوں اور دوسرے مدد گاروں کیلئے، آپکےرویے کی حکمت عملی کی تربیت فراہم کریں۔
- آپکوکسی بُحران سے روکنے کی حکمت عملی کی تربیت دینے میں مدد کریں۔

اس سہولت کا تعیّن آپ کی ضروریات کا اندازہ کر نے کے بعد کیا جاتا ہے اور یہ سہولت آپ کو براہ راست یا ایک گروپ کو تشکیل دیکر فراہم کی جا سکتی ہے۔

کیس منیجرکی خدمات (Case management services)

ایک کیس مینیجر آپکے اور آپکےخاندان کے ساتھ رسمی اور غیر رسمی خدمات کو منظّم کرنے اور آپکے انفرادی مقاصد کو پورا کرنے میں آپکی مدد کرتا ہے. یہ خدمات اکثر ایک مختصر مدّت کیلئے فراہم کی جاتی ہیں.

انفرادی ہدایت کی منصوبہ بندی (Person-directed planning)

ایک انفرادی ہدایت کی منصوبہ بندی (Person-directed planning) انفرادی خوابوں اور مقاصد کا جائزہ لیتی ہے۔ کسی ایجنسی یا دوسرے حمایت کار کی مدد کے ساتھ، ایک انفرادی ہدایت کی منصوبہ بندی آپکو ایسی ترکیبیں فراہم کرتی ہے جن سے آپکو اپنے مقاصد کو حقیقت بنانے میں مدد ملتی ہے۔

ایک اانفرادی ہدایت کی منصوبہ بندی کی تشکیل سے آپ کو مدد ملیگی:

- اپنی آئندہ زندگی کا ایک تصوّر واضح کرنے میں۔
- اپنی طاقت اور ضروریات کی شناخت کرنے میں۔
- اہداف مقرر کرنے اور انتخاب کرنے میں۔
- کمیونٹیوں میں شمولیت کے طریقے تلاش کرنے میں۔
- ایسے لوگوں کی تلاش کرنے میں جو آپ کے خوابوں کو حاصل کرنے میں مدد کرسکیں۔

مزید معلومات کی ضرورت ہے؟

یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آپ کے علاقے میں کونسی خدمات دستیاب ہیں، یا درخواست دینے کے لئے، 211پر کال کرکے اپنے علاقے کے افزائشی خدمات اونٹاریو (Developmental Services Ontario) ڈی ایس او سے رابطہ کریں، یا اپنے علاقے کے ڈی ایس او کو تلاش کرنے کیلئے dsontario.ca کا ملاحظہ کریں۔

DSO
Developmental Services Ontario

ہم سے رجوع فرمائیں!

dsontario.ca

نوئمبر 2018